جنکی قیمت وصول نہین ہوئی وہ حساب سنہ ۶ بیباق کرین ۔

یہہ درخواست خصوصیت کے ساتھہ ان احباب سے ہے جو ہمارے پرانے معاون اور دلی دوست ہین اور وہ ہمیشہ پیشگی قیمت ارسال کیا کرتے تھے پر سنہ ۶ مین اونہون نے روش رسالہ کی موافقت اختیار کرلی ہے انکی خدمت مین رسالہ کیطرف سے یہ مصرعہ عرض کیا جاتا ہے ع برمن منگر بکرم خویش نگر

خریداران اشاعۃ السنۃ کو اطلاع

یاددہانی ارسال قیمت کے لیے آیندہ وقتاً فوقتاً رسالہ مین ایک فہرست شائع ہوا کریگی اس فہرست مین ہر ایک خریدار کے نمبر (جس سے اسکو بذریعہ خط ایک دفعہ اطلاع دیجائیگی) کے مقابلہ مین جو رقم واجب الادا درج ہوگی خریداران اس نمبر کو اپنا نام سمجہین اور اسکے مقابلہ مین جو رقم ہو اسکو اپنے ذمہ خیال کرکے حساب دوستان دردل کو عمل مین لاوین ۔

جو صاحب اس فہرست کی طرف متوجہ نہونگے اور اشارہ کو کافی نہ سمجہین گے دوسری دفعہ ان کی مواضع سکونت بہی درج فہرست ہونگے اسپر بہی التفات نہ ہوگی تو ان کے نام نامی ظاہر کیے جاوینگے ۔

مشاورت خیر

وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ پنجاب مین عرصہ سے ایک قرآن حدیث کا مدرسہ جاری ہے جسمین حافظ عبدالمنان صاحب مدرس ہین جو اسوقت تک بہت طلبا کو حدیث کی کتابین پڑہا چکے ہین مگر چونکہ ایسے جمہوری کام جمہوری معاونت کے بغیر چل نہین سکتے ۔ لہذا اہل وسعت اہلحدیث کا فرض ہے کہ اس مدرسہ کی معاونت کرین حافظ صاحب آنکہہ سے معذور ہین وہ کوئی ذریعہ معاش بجز شغل درس تدریس نہین رکہتے ۔

مژدہ

فتح الباری شرح صحیح بخاری کا تیسرا اور چوتھا پارہ بہی دہلی مطبع انصاری مین چہپکر شائع ہوگیا ہے جسکی قیمت ایک ایک روپیہ ہے شائقین مہتمم مطبع مولوی عبدالمجید صاحب سے درخواست کرین